# اپنے حقوق جانیے: تعلیم میں امتیاز


بہترین تعلیم حاصل کرنے میں مسلمان، عرب، اور برِ صغیر سے تعلق رکھنے والے خاندانوں کی اولاد متعدد رکاوٹوں کا سامنا کرتی ہیں۔

ان مشکلات مین **بلیینگ، ڈرانا دھمکانا، اور ہراساں کرنا،** کمزور انگریزی، عربی اور اردو وغیرہ ترجموں کی عدم موجودگی، اور نسل، قوم، یا مذہب کی بنا پر امتیاز بھی موجود ہیں۔




**وفاقی اور نیو جرسی کے قانون کے تحت آپ کے حقوق ہیں** جو آپ کی اولاد کو اعلی معیار کی تعلیم کی رسائی فراہم کرتے ہیں۔






## بلا قیمت پبلک تعلیم

امریکہ میں ہر بچے کا حق ہے کہ وہ بلا قیمت پبلک اسکول میں تعلیم حاصل کرے۔

ریاست ہائے متحدہ کی آئین کے تحت **تمام اطفال کو نسل، قوم، مذہب، جنس، والدین کی تنخواہ، اور شہریت سے قطع نظر تعلیم سے متعلق یکساں مواقع فراہم ہونے چاہئیں۔** اگر اطفال یا ان کے والدین انڈوکیومنٹڈ ہیں ان کو تب بھی پبلک اسکول جانے کا حق ہے۔ **قانون تمام بچوں کو حفاظت فراہم کرتا ہے۔**

نیو جرسی کی آئین کے تحت حکومت کا فرض ہے کہ وہ "پانچ اور اٹھارہ برس کی عمر کے درمیان تمام بچوں کے لیے بلا قیمت پبلک اسکول کے نظام کو برقرار رکھے اور اس کو سہارا دے۔" وفاقی اور ریاستی قوانین آپ کے خاندان کے حقوق کی حفاظت ایک ساتھ کرتے ہیں۔

RUTGERS
Center for Security, Race and Rights

# امتیاز کیا ہے؟

**امتیاز یعنی نسل، مذہب، جنس، یا قومیت کی بنا پر مختلف سلوک اور رویہ۔** یہ چند غیر قانونی مثالیں ہیں:



- اگر کوئی ٹیچر آپ کے بچے کے ساتھ **اپنے رنگ کی بنا پر** دوسرے بچوں سے مختلف سلوک برتے، یہ غیر قانونی امتیاز ہے۔
- اگر **مشرق وسطی، برِ صغیر، اور افریقہ سے تعلق رکھنے یا مسلمان ہونے کی بنا پر** اسکول کا کوئی ناظم بچوں کے والدین کے ساتھ برا سلوک برتے یہ غیر قانونی امتیاز ہے۔
- اگر اساتذہ، منتظمین، یا اسکول کے دیگر اہلکار آپ کے بیٹے یا بیٹی سے کہیں کہ وہ **حجاب یا کوفی (ٹوپی) اسکول میں نہیں پہن سکتے**، یہ غیر قانونی امتیاز ہے۔ اگر اسکول میں یونیفارم یا دیگر کپڑوں پر پابندیاں ہیں یہ تب بھی ایک غیر قانونی امتیاز ہے۔



یہ سب غیر قانونی اعمال ہیں۔

**نیو جرسی لا اگینسٹ ڈسکرمنیشن** کے تحت کوئی اسکول نسل، مذہب، جنس، معذوری، اور قومیت کی بنا پر امتیاز نہیں کر سکتا۔

## تعلیم اور امتیاز سے متعلق کون سے قوانین ہیں؟

سپریم کورٹ کے اہم فیصلے **براؤن بمقابلہ بورڈ آف ایجوکیشن** کے تحت کوئی اسکول نسل کی بنا پر طالب علموں کو بالارادہ علیحدہ نہیں رکھ سکتا۔ نیو جرسی میں اسکول کے منتظمین کا فرض ہے کہ ہر اسکول اور ہر کلاس میں **نسلی توازن** برقرار رکھنے کی کوشش کی جائے۔

**۱۹۶۴** میں کانگریس نے **سِوِل رائٹس ایکٹ** نافذ کیا جس کے تحت نسل یا قومیت کی بنا پر امتیاز کرنا یا کسی فرد یا گروہ کو علیحدہ رکھنا غیر قانونی عمل قرار دیا گیا۔ سپریم کورٹ نے یہ بھی فیصلہ کیا ہے کہ **کوئی پبلک اسکول انڈوکیومنٹڈ والدین کے بچوں کو تعلیم سے محروم نہیں کر سکتا۔** کوئی اسکول آپ کی شہریت سے متعلق آپ سے اور آپ کی اولاد سے سوال نہیں کر سکتا۔

نیو جرسی میں **لا اگینسٹ ڈسکرمنیشن** کے تحت مذہبی اسکولز کے بجائے کوئی اسکول نسل، رنگ، قومیت، جنس، اور جینڈر کی بنا پر امتیاز نہیں کر سکتا۔ انہیں باتوں کی بنا پر **بلیینگ، ڈرانا دھمکانا، اور ہراساں کرنا** غیر قانونی امتیاز ہے۔

RUTGERS
Center for Security, Race and Rights

## **بلیینگ مسلمان، عرب، اور برِ صغیر سے تعلق رکھنے والے طالب علموں پر اثر انداز ہے**




ایک ۲۰۱۹ تحقیق کے مطابق پبلک اسکولز میں مسلمان طالب علم دوسرے طالب علموں کے مقابلے میں دگنا بلیینگ کا سامنا کرتے ہیں۔

جن طالب علموں کو غلط طور پر مسلمان سمجھا جاتا ہے، مثلاً سکھ طلبہ، وہ اس سے بھی زیادہ بلیینگ کے شکار ہیں۔


مسلمان، عرب، اور برِ صغیر سے تعلق رکھنے والے طالب علم ایک ناسازگار ماحول بھی محسوس کرتے ہیں۔

## **قانون آپ کے بچوں کو بلیینگ، ڈرانا دھمکانا، اور ہراساں ہونے (HIB) سے محفوظ رکھتا ہے**

نیو جرسی کی حکومت نے بعض تجزیہ کاروں کے مطابق ہراساں کرنے کے خلاف اس ملک کا سب سے مضبوط قانون نافذ کیا ہے - **اینٹی بلیینگ بل آف رائٹس ایکٹ (ابرا/ABBRA)**

ابرا **بلیینگ، ڈرانا دھمکانا، اور ہراساں کرنے** کے معنی یوں بیان کرتا ہے:

- کوئی عمل جس کی وجہ سے عمل کرنے والے کو جاننا چاہیے کہ وہ کسی طالب علم کو جسمی یا احساسی طور پر نقصان پہنچائے یا ان کی پراپرٹی کو نقصان پہنچائے، یا اس کو خوف دلائے
- کسی طالب علم یا گروہ کی تذلیل کرنا
- کسی طالب علم کے لیے ناسازگار تعلیمی ماحول بنانا



یہ **اشارے سے** بھی ہو سکتا ہے اور **جسمانی** بھی۔ **زبانی بھی ہو سکتا ہے، اور لکھائی سے بھی۔** فون، ای میل، اور سوشل نیٹورک کے ذریعے سے بھی ہو سکتا ہے۔ **ایک دفعہ** ہو سکتا ہے اور **کئی دفعہ بھی۔**

RUTGERS
Center for Security, Race and Rights

## بلیینگ کے خلاف قوانین اور تعصب پر مبنی بلیینگ، ڈرانا دھمکانا، اور ہراساں کرنا




**ابرا** کے نفاذ کے لیے بلیینگ، ڈرانا دھمکانا، یا ہراساں کرنے کی وجہ کسی خصلت کی بنا پر ہونا لازمی ہے مثلاً نسل، رنگ، مذہب، جنس، قومیت، نسب، سیکشول اورینٹیشن، یا معذوری۔ اس کو **تعصب پر مبنی** بلیینگ، ڈرانا دھمکانا، یا ہراساں کرنا کہتے ہیں۔ ابرا کے تحت **دیگر الگ کرنے والی خصوصیات** بھی محفوظ ہیں مثلاً وزن، بالوں کے رنگ، یا جویں۔ اگر اس طرح کی خصلتوں کی بنا پر بلیینگ نہیں ہوتی تو ابرا مناسب نہیں ہے۔

**لا اگینسٹ ڈسکرمنیشن** کے تحت مذہبی اسکولز کے بجائے ہر اسکول پر فرض ہے کہ وہ نسل، رنگ، مذہب، قومیت، نسب، جنس، سیکشول اورینٹیشن جینڈر، اور معذوری کی بنا پر امتیاز کو روکنے اور اس کا حل کرنے کی کوشش کرے۔ اس کے تحت **دیگر الگ کرنے والی خصوصیات** محفوظ نہیں ہیں مثلاً وزن یا بالوں کے رنگ۔

## بلیینگ آپ کے بیٹے یا بیٹی کے سول رائٹس کی خلاف ورزی ہو سکتی ہے

کو **اسکول میں، اسکول بسز پر، اسکول کی تقریبات میں،** اور  (HIBs) ابرا بلیینگ، ڈرانا دھمکانا، اور ہراساں کرنے
کی **تفتیش اور رپورٹ کرنے کے** HIBs **کئی موقعوں پر اسکول کے باہر** بھی ممنوع قرار دیتا ہے۔ ابرا
**لیے  پروسیجر** فراہم کرتا ہے، اسکول اہلکاروں کو ان کی خلاف ورزی کی **سزا مقرر کرنے پر مامور** کرتا ہے، اور
والدین اور طالب علموں کو فیصلہ **اپیل کرنے کا نظام** بھی فراہم کرتا ہے۔

## تعصب پر مبنی بلیینگ، ڈرانا دھمکانا، اور ہراساں کرنے کی طرف متوجہ ہونا اسکولوں کا فرض ہے

NJ Division on
CIVIL RIGHTS

والدین یا طالب علم کو جلد از جلد رپورٹ کرنے کی ضرورت ہے تاکہ اسکول مسئلے کی طرف متوجہ ہو جائے۔ **ہر اسکول ڈسٹرکٹ پر فرض ہے کہ وہ HIB رپورٹ کرنے کا نظام قائم کرے۔**

اگر بلیینگ کی شکایت درج کی جائے اور اسکول ایک معقول وقت میں اقدامات نہ اٹھائے، طالبِ علم یا اس کے والدین **نیو جرسی ڈوژن آن سول رائٹس (DCR) کے ساتھ شکایت درج کر سکتے ہیں** جو LAD نافذ کرتا ہے۔

والدین سپیریئر کورٹ میں بھی مقدمہ درج کر سکتے ہیں۔

DCR کے ساتھ شکایت درج کرنے کا طریقۂ کار یہاں موجود ہے:

https://www.njoag.gov/about/divisions-and-offices/division-on-civil-rights-home/division-on-civil-rights-file-a-complaint/

RUTGERS
Center for Security, Race and Rights

# آپ کے پاس اور اپنے بچوں کے پاس اپنی زبان میں رسائی کا حق ہے۔

قانون کے تحت تعلیم سے متعلق وسائل کی دوسری زبانوں میں فراہمی ضروری ہے۔

**تمام اسکول ڈسٹرکٹس پر فرض ہے کہ وہ تمام طالب علموں کے لیے انگریزی کی تعلیم فراہم کریں جو گھروں میں انگریزی نہیں بولتے۔** جن اسکول ڈسٹرکٹس کو وفاقی فنڈنگ ملتی ہے ان پر فرض ہے کہ وہ ان طالب علموں کے لیے انگریزی کی کلاسز فراہم کریں جو انگریزی نہیں بولتے۔



## والدین سے رابطہ

وفاقی قانون کے تحت اسکول ڈسٹرکٹس پر فرض ہے کہ وہ تصدیق کریں کہ آیا والدین کم انگریزی جانتے ہیں کہ نہیں اور ان سے رابطہ کیسے ہو۔ اگر والدین انگریزی کم جانتے ہیں تو **اسکول پر فرض ہے** کہ دیگر ملازموں یا وسائل کے ذریعے سے والدین سے بات کریں۔

اسکولوں پر فرض ہے کہ وہ تمام والدین سے ایسی زبان میں رابطہ قائم کریں جو وہ خود جانتے ہوں اور **وہ طالب علموں کو ترجمہ کرنے کا حکم نہیں دے سکتے۔**






## بائی لنگیول اور ESL پروگرام

نیو جرسی میں اسکول ڈسٹرکٹس پر فرض ہے کہ اگر کسی زبان کے بولنے والے کم از کم ۲۰ طالبِ علم موجود ہوں جو کم انگریزی جانتے ہیں تو ان کے لیے **بائی لنگیول یا دو زبانوں میں تعلیم** فراہم کریں۔

اگر دس سے انیس طالبِ علم ہیں جو کم انگریزی جانتے ہیں اسکول پر فرض ہے کہ وہ **English as a Second Language (انگریزی بطور دوسری زبان)** کا پروگرام منعقد کریں۔

دوسرے ڈسٹرکٹس پر فرض ہے کہ وہ انگریزی کم جاننے والے طالب علموں کے لیے **انگریزی سیکھنے کے وسائل** فراہم کریں۔

**والدین کو اختیار ہے کہ وہ ان پروگراموں یا وسائل کا انکار کریں۔**

## مزید معلومات کہاں حاصل کروں؟

دی سینٹر فور سیکیورٹی، ریس، اینڈ رائٹس کی ویب سائٹ پر تعلیم سے متعلق حقوق کی گائیڈ اور دیگر وسائل موجود ہے:

csrr.rutgers.edu

RUTGERS
Center for Security, Race and Rights